© rasailojaraid.com

# آئینہ بنیے‘ آئینہ دیکھیے

آئینہ ہم روز دیکھتے ہیں‘ اس لیے کہ ہم کو اس میں اپنی تصویر نظر آتی ہے۔ ہم اپنی تصویر دیکھ کر ہی اپنے بارے میں صحیح اندازہ لگا سکتے ہیں۔

**آئینے کی بڑی خصوصیات ہیں —— ان کو ذرا آئینے میں دیکھیے!**

- آپ کی تصویر بلاکم وکاست بتائے گا۔ افراط وتفریط سے اجتناب کرے گا
- آپ کو سامنے آتے ہی فوراً بتائے گا۔ دیر نہیں لگائے گا۔
- آپ سے کوئی اُجرت نہیں طلب کرے گا۔ آپ کا مخلص رہے گا۔
- آپ کی تصویر کسی اور کو نہیں دکھائے گا۔ کسی اور کی تصویر آپ کو نہیں دکھائے گا۔ غیبت نہیں کرے گا۔
- ہر بار آپ کو اس وقت کی تصویر دکھائے گا۔ پہلے کی تصویر کی اچھائی یا برائی کو یاد نہیں رکھے گا۔ پرانی بات کو بھول جاتا ہے۔
- جب تک آپ سامنے ہیں تصویر دکھائے گا۔ آپ کے ہٹتے ہی آپ کی تصویر مٹا دے گا۔
- جو سامنے نظر آ رہا ہے اس پر فیصلہ کرے گا‘ کھوج اور جستجو میں نہیں پڑے گا۔
- آپ کی بے عزتی نہیں کرے گا۔ آپ کو اصلاح پر آمادہ کرے گا۔
- آپ آئینے پر اعتبار کر سکتے ہیں۔
- ایک دفعہ دیکھ کر دوبارہ دیکھنے کے لیے پلٹتے ہیں۔

عجب نہیں کہ آئینے کی ان اور دوسری خوبیوں ہی کے پیش نظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن‘ مومن کا آئینہ ہوتا ہے۔

**آئینے کے تصور پر ہم اپنی اجتماعی زندگی کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ یہ ایک طرزِ معاشرت ہے‘ اسلوبِ تعلقات ہے‘ ثقافت ہے‘ نظام ہے۔**

سنابل العلم

© rasailojaraid.com